PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA

02/05/019

جناب سپیکر صاحب!

براہ مہربانی میرے تمام
سوالات، کال اٹینشن، تحریک وغیرہ آئندہ
سیشن میں [illegible] کیا جائے۔

[illegible]

Leg—IV

342-346

توجہ دلاو نوٹس نمبر **280**

منجانب: صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ مواصلات و تعمیرات کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ حلقہ پی کے 11 دیر بالا میں 16-2015 کی اے ڈی پی میں محکمہ مواصلات و تعمیرات کی طرف سے سڑکوں کی منظوری دی گئی تھیں۔ جو کہ حالیہ اے ڈی پی 19-2018 میں اے ڈی پی نمبر 140906/929 (نہاگ درہ روڈ فیز۔ون، اے ڈی پی نمبر 151076/935 (نہاگ درہ روڈ فیز۔ٹو) اور اے ڈی پی نمبر 150833/933 (کارو درہ، سلطان خیل درہ، روغانو درہ اور لقمان بانڈہ روڈ) شامل کئے گئے ہیں۔ لیکن بدقسمتی سے صوبائی حکومت نے ان سکیموں کے لئے انتہائی قلیل رقم مختص کی ہے۔ چونکہ یہ مذکورہ بالا علاقوں کی اہم سڑکیں ہیں۔ اور محکمے کی طرف سے ٹھیکداروں کو عدم ادائیگی کی وجہ سے ان سڑکوں پر تعمیراتی کام بند پڑے ہیں۔ جسکی وجہ سے علاقے کے عوام الناس کو نہ صرف آمد روفت میں شدید مشکلات کا سامنا ہے بلکہ عوام میں بے چینی بھی پائی جاتی ہے اور اس کے خلاف پچھلے سال بھی علاقے کے عوام نے احتجاجی مظاہرے کیے تھے۔ لہذا صوبائی حکومت مندرجہ بالا سکیموں کے لئے مطلوبہ فنڈز مختص کرے تاکہ سڑکوں کی تعمیر کا کام بروقت مکمل ہو سکے اور علاقے کے عوام میں موجود بے چینی کا خاتمہ ہو سکے۔

CALL ATTENTION NOTICE
[illegible] 7th
[illegible] 345
[illegible] 12:12
[illegible] 6-5-19
[illegible] ثناء اللہ MPA
[illegible] (M)